سوال

(267)خیر وبرکت کے لیے قرآن خوانی کروانا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

جب کوئی نئی دکان لیتا ہے یا نیا مکان تعمیر کرواتا ہے تو رہائش سے پہلے قرآن مجید پڑھواتا ہے اس مکان میں اعزہ واقارب لکھٹے ہوکر قرآن مجید پڑھتے ہیں۔ اور سمجھتے ہیں کہ اس طرح نئے مکان میں اللہ کا کلام پڑھنے سے برکت ورحمت نازل ہوگی کیا یہ طریقہ بدعت ہے ؟نئے مکان میں حصول برکت کا درست طریقہ بتائیں ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

یہ طریقہ کار سلف سے ثابت نہیں بدعت ہے مومن کے نیک اعمال تو سدا ہی اس کے لئے باعث برکت ورحمت بنے رہتے ہیں۔ حدیث میں ہے : ''جو دین میں اضافہ کرے وہ مردود ہے۔''انظر الرقم المسلسل (2)

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص567

محدث فتویٰ